RGD.L.No. 3204. رسالہ محدث دہلی رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۲۰۴

روح اخبار

— منٹگمری کے سشن جج کیمبلپور نے مولوی عبدالمنان کو جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دینے والے ایک ہندو کو قتل کر دیا تھا، سات سال قید بامشقت کی سزا دی ہے اور فیصلے میں لکھا ہے کہ رسول اللہؐ کو گالی دینا مسلمان کیلئے اشد شدید اشتعال ہے کہ وہ اس پر صبر کر ہی نہیں سکتا۔ اور چونکہ عبدالمنان نے اس ہندو کو عین حالت اشتعال میں قتل کیا ہے۔ اسلئے اسے موت کی سزا نہیں دی جاسکتی۔ (انقلاب)۔

— ترکی، افغانستان، ایران و عراق ان چاروں اسلامی حکومتوں کے مابین ایک معاہدہ ہوا ہے جس کے ذریعہ ہر ایک نے دوسرے کے ساتھ رشتۂ محبت و مودت کو قائم رکھتے ہوئے غیروں کے مقابلہ میں امداد و اعانت کا وعدہ کیا ہے۔ (زمیندار)

— حکومت پنجاب نے ایک سرکاری اعلان کے ذریعہ اپنے صوبہ کے فرقہ پرست اخبارات کو تنبیہ کی ہے وہ فرقہ وارانہ تفرقات کو مٹانے اور مختلف قوموں اور جماعتوں کے مابین دوستانہ تعلقات پیدا کرانے میں حکومت کی پوری امداد کریں۔ اگر ایسا نہ ہوا تو صوبہ کے امن و ترقی کی خاطر حکومت کیلئے ان اختیارات کا فوراً استعمال ضروری ہوگا جو اس خرابی کے انسداد کیلئے جو اس وقت ہو رہی ہے از روئے قانون اسے حاصل ہے۔ (انقلاب)۔

— پولیس نے دہلی سے دو میل فاصلے پر ایک گاؤں پر چھاپا مارا اور دو آدمیوں کو گرفتار کر لیا جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ جعلی روپے بنا رہے تھے۔ پولیس کو سکہ سازی کا سامان اور جعلی سکے بھی ملے جن پر اس نے قبضہ کر لیا ہے۔ (انقلاب)۔

— سینما دیکھنے کا شوق نوجوان عورتوں میں بہت زیادہ زور پکڑ رہا ہے۔ یہاں تک کہ وہ ایسے حالات میں بھی سینما دیکھنے سے باز نہیں آتیں جب انھیں لازماً گھر میں رہنا چاہیئے۔ ۵ اگست کا ذکر ہے کہ کرشنا ٹاکیز پٹیالہ میں فلم دکھائی جا رہی تھی کہ ایک اٹھارہ سال کی ہندو لڑکی کو درد زہ شروع ہوگیا اور وہ چیخ مار کر بیہوش ہوگئی۔ تھوڑی دیر کے بعد وہیں بچہ پیدا ہوگیا (انقلاب)

— بادشاہ افغانستان نے چار لاکھ افغانی روپیہ علیحدہ کر کے حکم دیا ہے کہ اس میں سے مبلغ دو لاکھ روپیہ تعلیمی امور کی ترقی کیلئے وزارت معارف کو دیدیا جائے اور باقیماندہ دو لاکھ روپیہ وزارت حفظان صحت کو عطا کر دیا جائے تاکہ بیماریوں کا انسداد ہو سکے آپ کی والدہ اور ہمشیروں نے بھی اپنے ذاتی مصارف سے مبلغ ۵۰ ہزار افغانی روپیہ انھیں کاموں کے لئے دیئے ہیں۔

— ایک اطلاع مظہر ہے کہ اقتصادیات سے متعلق ایک تحقیقاتی بورڈ پنجاب میں عنقریب اپنی تحقیقات کا کام شروع کردے گا۔ تاکہ یہ معلوم کر سکے کہ دیہاتی آبادی میں کتنے فیصدی نوجوان ایم۔ اے۔ ایس۔ ایل۔ سی اور اعلیٰ امتحان پاس کر چکے ہیں نیز یہ کہ دیہات یا شہروں میں ان میں سے کتنے فیصدی رہتے ہیں اور کسقدر ملازم ہیں اور کسقدر بیکار۔

معلوم ہوا ہے کہ جشن تاجپوشی کے سلسلے میں تقریباً ڈیڑھ ہزار تمغے یو۔ پی میں مختلف لوگوں کو دیئے گئے ہیں (وطن)

عبدالرحمٰن صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث ... دہلی سے شائع کیا